Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز چہارشنبہ بتاریخ ۹ جمادی الاول ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۳۶ء جلد ۳۰

حصہ اول

گزٹ غیر معمولی

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری تعین تواریخ برائے پیشی مسودات قوانین کمیٹی واضع آئین وقوانین	۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم واقعہ ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ کمیٹی واضع قوانین کے تیسرے سیشن کیلئے ۲۹ر اگست یوم شنبہ سے ۱۰ر ستمبر ۱۹۳۶ء یوم پنجشنبہ تک تاریخ کا تعین منظور ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — پیر ساند

جناب عالی

مسودات قوانین کورٹ آف وارڈس۔ کوآپریٹو سوسائٹی ہائے انسداد بیرحمی جانوران۔ باقیماندہ حصہ قانون کارخانہ جات۔ قانون حقوق آسایش وقانون وراثت اہل ہنود کمیٹی واضع قوانین میں پیش ہونے کے لئے تیار ہیں۔ لہذا کمیٹی واضع قوانین کے تیسرے سیشن کا آغاز ۲۹ر اگست ۱۹۳۶ء یوم شنبہ سے ہو کر ۱۰ر ستمبر ۱۹۳۶ء یوم پنجشنبہ تک جاری رہنا مناسب معلوم ہوتا ہے جسکی منظوری حسب دفعہ ۲ باب دوم قواعد کارروائی کمیٹی واضع قوانین پیشگاہ عالی سے ہوگی۔ تجویز مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم تعین تاریخ معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت اقبال جاوید باد

حسب منشاء حکم ہمایوں نوٹس جاری ہو۔ بغرض اطلاع ایک نقل درج گزٹ غیر معمولی ہو۔ ۲۸ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

بخدمت شریف

عالیمرتبت چیف منسٹر صاحب بہادر

جناب من

مسودات قوانین کورٹ آف وارڈس۔ کوآپریٹیو سوسائٹی ہائے انسداد بیرحمی جانوران اور باقیماندہ حصہ قانون کارخانہ جات کا سلکٹ کمیٹی سے ترمیم ہو کر درست ہوگئی ہیں قانون حقوق آسایش کے متعلق [illegible] حاصل کرلیگئی اور مسودہ قانون وراثت اہل ہنود بابت حصول رائے عامہ گزٹ میں شائع ہونیکے لئے روانہ ہوگیا ہے۔ ضرورت ہے کہ قوانین متذکرہ بالا کمیٹی واضع قوانین میں پیش کئے جائیں نیازمند کی رائے میں اجلاس کے لئے تاریخ ۲۹ر اگست لغایت ۱۰ر ستمبر ۱۹۳۶ء مناسب ہوگی۔ لہذا تصدیعہ خدمت والا ہوں کہ براہ کرم حسب دفعہ ۲ قواعد کارروائی کمیٹی واضع قوانین اجلاس ہمایوں کی منظوری حاصل فرمائی جائے اور اشاعت ایجنڈا کی اجازت عطا فرمائی جائے۔ انعقاد اجلاس کمیٹی کی اطلاع کم از کم ۲۰ روز قبل گزٹ میں شائع ہونا چاہیئے اسلئے کہ ریزولیوشن ۱۵ روز قبل دفتر میں دیا جاسکتا ہے۔

نیازمند

دستخط صاحب سکریٹری بہادر واضع قوانین

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ضمیمہ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۲ جمادی الاول ۱۳۵۵ ہجری مطابق یکم اگست ۱۹۳۶ء (جلد ۳۱)

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(۱)	منظوری الاؤنس عالیمرتبت مسٹر عبدالرؤف صاحب چغتائی بصلہ خدمات عہدہ جوڈیشل منسٹر	۲

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

منظوری تقرر مڈوائف مسز ڈی ای میتھو (باشندہ لکھنؤ)	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۲۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ عالیمرتبت مسٹر عبدالرؤف صاحب بہادر کا دو سو پچاس روپیہ ماہانہ الاونس بصلۂ انجام دہی خدمات عہدۂ پولیٹیکل منسٹر تاریخ چارج سے منظور ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

سررشتہ متعلقہ احکام شائع جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام کاغذات بہ تکمیل ضرورت مع غیرہ دفتر کونسل میں واپس کئے جائیں۔ ۲۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت مسٹر عبدالرؤف صاحب بہادر بابت خدمات متعلقہ عہدۂ چیف انجینیر کے علاوہ عہدۂ پولیٹیکل منسٹر کی خدمات انجام دینے کے سلسلہ میں عطائے الاونس کے خواستگار رہے۔ کونسل نے جلسۂ غیر معمولی منعقدہ ۲۲ر جولائی ۱۹۳۶ء میں کثرت کار پر نظر کرتے ہوئے بصورت خاص دو سو پچاس روپیہ ماہانہ الاونس از یوم چارج عہدۂ پولیٹیکل منسٹری کا جانے سے اتفاق کیا ہے۔ بنابرآن ترقیخواہ و مستدعی ہے کہ پیشگاہ معلی سے حکم منظوری الاونس دو سو پچاس روپیہ ماہانہ از تاریخ چارج شرف نفاذ پائے۔ بعد صدور منظوری رقم کا انتظام حسب مشورہ فائنانس ہوگا۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل نمبر واقعہ ۳۰ جولائی ۱۹۲۰ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء میں کاغذات متعلق منظوری تقرر ڈبلیو والٹ مسٹر ڈی اے میتوز باشندہ لکھنؤ بجائے ڈبلیو والٹ مسٹر داس مستعفی بمشاہرہ تیس روپیہ و پانچ روپیہ ماہانہ الاؤنس سواری برائے چھ ماہ امتحانی از تاریخ کارکردگی بر قیمت مسٹر ... وجانچہ پیش ہو کر طے پایا کہ۔

اس آسامی کے واسطے کوئی مقامی ڈبلیو والٹ دستیاب نہ ہونے کے باعث ڈبلیو والٹ مسٹر ڈی اے میتوز باشندہ لکھنؤ کا تقرر حسب اتفاق مسٹر دس سلیکشن بورڈ مستحق ہے برائے چھ ماہ از تاریخ کارکردگی سے بمشاہرہ تیس روپیہ و پانچ روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

مشتہرہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ مسل کاغذات بعد اجرائے احکام بہ تکمیل درستی وغیرہ دفتر کونسل میں واپس بھیجے جائیں

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل